**25.12.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ ماجد علی

**Music**

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے مدھیہ پردیش میں کین بیتوا دریا کو مربوط کرنے سے متعلق پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھا ہے۔

☆ ملک آج سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 100ویں یومِ پیدائش کو اچھی حکمرانی کے دن کے طور پر منا رہا ہے۔

☆ داخلی امور اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج 10 ہزار سے زیادہ PACS، ڈیری اور ماہی پروری سے متعلق امداد باہمی اداروں کو وقف کریں گے۔

☆ آج دنیا بھر میں عیسیٰ مسیح کا یومِ پیدائش کرسمس منایا جارہا ہے۔

☆ قزاخستان میں ایک طیارے کے حادثے میں 50 سے زیادہ افراد کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔

☆ اور بھارتی ریزرو بینک نے کہا ہے کہ غیر مقیم بھارتیوں کی جانب سے وطن بھیجی گئی رقومات میں اِس سال اپریل سے اکتوبر کے درمیان 11 اعشاریہ 9 ارب ڈالر کا ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-MP PROJECTS**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مدھیہ پردیش کے کھجوراہو میں 44 ہزار 600 کروڑ روپے مالیت کے ملک کے دریا کو مربوط کرنے کے پہلے پروجیکٹ، کین بیتوا دریا کو مربوط کرنے سے متعلق قومی پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھا۔ یہ تقریب سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 100ویں یومِ پیدائش پر اُنہیں خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے منعقد کی گئی۔ بھارت کے اپنے نوعیت کے پہلے کین بیتوا دریا کو مربوط کرنے سے متعلق پروجیکٹ کا مقصد مدھیہ پردیش اور اترپردیش کے بندیل کھنڈ خطے میں پانی کا بندوبست کرنا ہے۔ اِس پروجیکٹ کا مقصد چھترپور پنّا اور ٹکم گڑھ سمیت مدھیہ پردیش کے 10 اضلاع کی 8 اعشاریہ ایک-ایک لاکھ ٹن ہیکٹیئر اراضی کی آبپاشی کرنا اور اترپردیش میں ایک اعشاریہ نو دو لاکھ ہیکٹیئر اراضی میں آبپاشی کی سہولت کو مستحکم کرنا ہے۔

اِس اقدام سے 44 لاکھ کسان کنبوں کو فائدہ پہنچنے کا امکان ہے، جس سے اُن کی فصل کی پیداوار اور آمدنی میں اضافہ ہوگا اور دیہی معیشت کو فروغ ملے گا۔ جناب مودی نے ملک کے پہلے پانی پر تیرتے ہوئے اوم کریشوَر شمسی پروجیکٹ کو بھی ملک کو وقف کیا اور ایک ہزار 153 اٹل گرام سوشاشن بھون کا بھومی پوجن کیا۔ وزیر اعظم نے بھارت رتن سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے اعزاز میں ایک یادگاری سکہ اور ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا۔ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے کہا کہ کین بیتوا دریا کو مربوط کرنے سے متعلق پروجیکٹ ریاستوں اور مرکز کے درمیان اشتراک اور تال میل کی بہترین مثال ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے مدھیہ پردیش اور اترپردیش کے پورے بندیل کھنڈ خطے میں یکسر تبدیلی آئے گی۔ مدھیہ پردیش کے گورنر منگو بھائی پٹیل اور جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل بھی موجود تھے۔×

**SADAIV ATAL MEMORIAL**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں Sadaiv اَٹل میموریل میں سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپئی کو، اُن کے 100 ویں یوم پیدائش پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ سابق صدر رام ناتھ کووند، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ این چندرابابو نائیڈو اور مرکزی وزیر اور BJP کے صدر جے پی نڈا اور دیگر نے بھی اٹل بہاری واجپئی کو خراج عقیدت پیش کیا۔×

**AMIT SHAH-VAJPAYEE**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کا اچھی حکمرانی اور عوام کی فلاح و بہبود سے متعلق خود کو وقف کردینے کا جذبہ آئندہ نسلوں کی رہنمائی کرتا رہے گا۔ اُن کے یومِ پیدائش پر قد آور سیاستداں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ واجپئی جی نے ملک میں ترقی اور اچھی حکمرانی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا تھا، جو خود کو ملک کیلئے وقف کردینے اور اقدار پر مبنی سیاست پر مرکوز تھا۔×

**RAJNATH VAJPAYEE**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی بھارتی سیاست میں ایک ایسے عظیم مفکر تھے، جنہوں نے اپنی پوری زندگی ملک کے وقار، خدمت اور ترقی کے لیے وقف کردی تھی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ واجپئی جی نے بھارتی معیشت کو مستحکم کرنے میں نہایت اہم رول ادا کیا ہے۔

## SHAH-AGRICULTUREE COOPERATIVE

امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ، امدادِ باہمی کی 10 ہزار سے زیادہ ابتدائی کثیر مقصدی زرعی سوسائٹیز کو، آج نئی دلّی میں ملک کے نام وقف کریں گے۔ ڈیری اور ماہی پروری سے متعلق امدادِ باہمی کی یہ سوسائٹیز، حال ہی قائم کی گئی ہیں۔ جناب شاہ، امدادِ باہمی اداروں کی ایک قومی کانفرنس میں، اِن نو تشکیل شدہ سوسائٹیز کو رجسٹریشن سرٹیفکیٹس، روپے کسان کریڈٹ کارڈز اور مائکرو ATMs بھی تقسیم کریں گے۔ یہ مالی دستاویزات، پنچایتوں میں آسانی سے قرضہ فراہم کرنے اور مالی خدمات میں سب کی شمولیت کو فروغ دینے کے مقصد سے تیار کی گئی ہیں۔ اِن دستاویزات سے، دیہی آبادی کو مختلف اسکیموں سے فائدہ ہوگا اور عوام، ملک کی اقتصادی ترقی میں شرکت کر سکیں گے۔ ×

## NDA LEADER MEETING

نئی دلّی میں مرکزی وزیر اور BJP کے قومی صدر جے پی نڈا کی رہائش گاہ پر NDA کے لیڈروں کی ایک میٹنگ جاری ہے۔ آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو اور پنچایتی راج کے وزیر راجیو رنجن سنگھ کے علاوہ دیگر رہنما اِس میٹنگ میں شرکت کررہے ہیں۔ اِس میٹنگ کا مقصد اتحادی پارٹیوں کے درمیان تال میل کو مضبوط کرنا ہے۔×

## NHAI PUNJAB

بھارت کی قومی شاہراہوں کی اتھارٹی NHAI نے، سڑک پر حفاظت کے لیے اور مویشیوں سے متعلق حادثات سے بچنے کے لیے، ایک آزمائشی پروجیکٹ شروع کیا ہے، جس کے تحت آوارہ مویشیوں کے لیے قومی شاہراہوں پر، شیلٹرس قائم کیے جائیں گے۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے اس سے متعلق ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ سڑک کے دونوں طرف 50 کلو میٹر تک کے رقبے میں وقت پر طبی مدد دینے کیلئے فرسٹ ایڈ مراکز اور اسپتال قائم کئے جائیں گے اور مویشیوں کی ایمبولینسز کو تعینات کیا جائے گا۔ پنجاب سے گزرنے والی قومی شاہراہ 21 کے کِرت پور نیر چوک سیکشن سمیت پنجاب کی مختلف قومی شاہراہوں پر اس کا نفاذ کیا جائے گا۔

پنجاب حکومت میں ٹریفک معاملات کے مشیر ڈاکٹر نودیپ اَسیجا نے اس قدم کا یہ کہتے ہوئے خیر مقدم کیا ہے کہ NHAI کا یہ قدم بہت سوچا سمجھا ہے اور اس سے اُن علاقوں میں خاص طور سے فائدہ ہوگا، جہاں قومی شاہراہوں کے قریب جنگلات میں بہت زیادہ کمی آئی ہے۔×

**CHRISTMAS**

آج پوری دنیا میں کرسمس منایا جارہا ہے۔ عیسیٰ مسیح کے یوم پیدائش کو پوری دنیا میں عیسائی برادری کرسمس کے طور پر مناتی ہے۔ اس موقع پر لوگ اپنے گھروں کو کرسمس کے درخت، رنگ برنگے چمکدار تاروں اور روشنیوں سے سجاتے ہیں اور تحائف کا لین دین کرتے ہیں۔ سبھی گرجا گھروں میں کرسمس سے متعلق خصوصی خدمات اور تقریبات منعقد کی جارہی ہیں۔ گوا میں بھی کرسمس پورے مذہبی عقیدت اور جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ اس موقع پر گوا کے گورنر پی ایس سری دھرن پلّئی اور وزیراعلیٰ پرمود ساونت نے گوا کے عوام کو کرسمس کی مبارک باد دی ہے۔×

**PREZ VP PM CHRISTMAS**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کرسمس کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے عیسیٰ مسیح کی پیار و محبت، درد مندی اور ہمدردی پر مبنی تعلیمات کو یاد کیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے لوگوں سے کہا کہ وہ معاشرے میں خوشحالی، مساوات اور اتحاد کے جذبے کو فروغ دیں۔ نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ کرسمس امن اور خیر سگالی کا پیغام لے کر آتا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی اس موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ جناب مودی نے امید ظاہر کی کہ عیسیٰ مسیح کی تعلیمات ہر کسی کو امن و خوشحالی کی راہ دکھائیں گی۔×

**JHARKHAND-MURUGAN**

اطلاعات ونشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن، جو جھارکھنڈ کے ایک سرکاری دورے پر ہیں، نے آج پلامو میں ڈالٹن گنج کے مقام پر دور درشن اور آکاشوانی کے ریجنل کیندروں کا دورہ کیا۔ وزیر موصوف نے براہ راست نشریئے کے ذریعہ آکاشوانی اسٹوڈیو سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر مروگن نے بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں سرکار، آکاشوانی اور دور درشن کے ذریعہ عوام کو بہترین پروگرام پیش کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، BIND اسکیم کے تحت یونٹوں کا ازسر نو جائزہ لے رہی ہے۔ اس موقع پر دونوں اسٹیشنوں کے افسران بھی موجود تھے۔

**GUTERES INDIA PEACKEEPING**

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انٹونیو گُتریس نے بریگیڈیئر امیتابھ جھا کی لیڈر شپ اور عزم کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ امیتابھ جھا نے شام - اسرائیل سرحد پر قیام امن فوج کی قیادت کی تھی۔ سکریٹری جنرل کی معاون ترجمان Stephanie Trmpbaly نے کل کہا کہ بھارت کے بریگیڈیئر جنرل امیتابھ جھا کے اچانک انتقال سے جناب گُتریس کو گہرا صدمہ پہنچا

ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جناب جھا کو، اقوام متحدہ کی قیام امن فوج کیلئے، اُن کی لیڈرشپ اور پختہ عزم کیلئے یاد رکھا جائے گا۔ بریگیڈیئر امیتابھ جھا گولان پہاڑیوں پر اقوام متحدہ کی Disengagement آبزرور فورس UNDOF کے ڈپٹی فورس کمانڈر تھے۔ اُن کا طبی وجوہات کی بنا پر انتقال ہوگیا۔×

## KAZAKHISTAN PLANE CRASH

آج قزاخستان میں Aktau ہوائی اڈے کے نزدیک ایک مسافر بردار طیارہ حادثے کا شکار ہوگیا۔ آذربائیجان ایئرلائنس کے اِس طیارے میں 67 مسافر اور عملے کے 5 افراد سوار تھے اور یہ آذربائیجان کے باکو سے روس کے Grozny جارہا تھا۔ کہرے کے سبب اِس کا راستہ تبدیل کیا گیا تھا۔ قزاخستان کے صحت کے وزیر نے کہا ہے کہ ابتدائی خبروں کے مطابق اِس حادثے میں بچ جانے والے صرف 6 افراد ہیں، جن کی حالت سنگین ہے۔×

## AFGHANISTAN KILLED

افغانستان میں، تقریباً 15 افراد اُس وقت ہلاک ہوگئے، جب پاکستان نے کل دیر رات پکتیکا صوبے کے برمَل ضلع پر کئی فضائی حملے کیے۔ افغان میڈیا کے مطابق اِن حملوں میں پاکستانی طالبان کو نشانہ بنایا گیا اور یہ حملے سرحدی پاکستان کے پکتیکا صوبے میں پہاڑی علاقے میں کیے گئے۔ تاہم پاکستانی حکام نے، باضابطہ طور پر حملوں کی تصدیق نہیں کی ہے۔

طالبان کی وزارتِ دفاع نے یہ کہتے ہوئے پاکستان کے فضائی حملوں کی مذمت کی ہے کہ انہوں نے سویلین کو نشانہ بنایا ہے اور زیادہ تر متاثرین وزیرستان خطّے کے پناہ گزین ہیں۔ یہ حملے، بالخصوص افغانستان میں پاکستانی ملیٹنٹوں کی موجودگی کے تناظر میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے دوران ہوئے ہیں۔×

## ASSAM TERROR ACT AVERTED

آسام میں دو بنیاد پرستوں کو گرفتار کرنے اور اُن کے پاس سے اسلحہ اور بارود برآمد کرنے کے بعد خصوصی ٹاسک فورس نے دہشت گردی کے ایک بڑے واقعے کو ہونے سے روک دیا۔ آسام پولیس کے CPRO نے بتایا کہ ایک خبر ملنے کے بعد خصوصی ٹاسک فورس نے آپریشن پرگھات کے تحت پچھلی رات کوکراجھار ضلع سے دو افراد کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار کئے گئے لوگوں کی شناخت عبدالظہیر شیخ اور شبیر مردھا کے طور پر ہوئی ہے۔ ایسا شبہ ہے کہ یہ دونوں افراد کسی عالمی دہشت گرد تنظیم کا حصہ ہیں۔ گرفتار کئے گئے ایک شخص کے ٹھکانے سے 4 دستی رائفلز، گرینیڈ اور گولہ بارود برآمد ہوا۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ خصوصی ٹاسک فورس نے آپریشن پرگھات کے تحت اب تک ریاست میں 10 دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے۔×

**NRI DEPOSIT-RBI**

موجودہ مالی سال کے دوران اپریل سے اکتوبر میں غیر مقیم بھارتیوں کی جانب سے وطن بھیجی گئی رقومات میں 11 اعشاریہ 9 ارب ڈالر کا ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ بھارتی ریزرو بینک کی جانب سے جاری کئے گئے تازہ اعداد و شمار کے مطابق یہ رقم گذشتہ برس اِسی عرصے کے دوران 6 اعشاریہ ایک ارب ڈالر سے تقریباً دوگنی ہے۔ غیر مقیم بھارتیوں کی جانب سے رقم جمع کرنے سے متعلق اسکیموں میں NRE, NRO oreign Currency Non-Resident FCNR وغیرہ شامل ہیں۔×

**SHOOTING**

دلی میں 67 ویں نیشنل شوٹنگ چمپئن شپ میں پنجاب کی Ganemat Sekhon نے لگاتار دوسری مرتبہ خواتین کے Skeet مقابلہ کا خطاب جیت لیا ہے۔

خواتین کے انفرادی فائنل مقابلے میں انھوں نے 60 میں سے 50 نشانے لگائے اور سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ انھوں نے اپنی ہی ریاست کی کھلاڑی Asees Chhina کو ہرایا، جو صرف 46 نشانے لگا سکیں اور چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ اولمپین رضیہ Dhillon نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ یہ Sekhon کا دوسرا سونے کا تمغہ ہے۔ انھوں نے اس سے پہلے خواتین ٹیم کے مقابلے میں اپنی ساتھی پریناز دھالیوال اور جیسمین کور کے ساتھ پہلا سونے کا تمغہ جیتا تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆